نیوز ریلیز

البرٹا گرمیوں کے منصوبے کی خاطر کُھلنے کیلئے مرحلہ 1 کا آغاز کرتا ہے

01 جون، 2021ء

البرٹنز اب بیرونی آنگنوں، بال کٹوانے اور زیادہ جسمانی سرگرمیوں سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں کیونکہ حفاظتی ٹیکے لگنے کی شرحیں عروج پر ہیں اور ہسپتالوں میں داخلے کم ہیں۔

مرحلہ 1 کا تھریشولڈ (threshold) 12 اور اس سے زائد عمروں کے 50 فیصد البرٹنز 18 مئی کو ویکسین کا کم از کم ایک ٹیکہ لگوا کر پورا ہوگیا تھا۔ دو ہفتوں کے انتظار کے عرصے میں، البرٹنز نے مل کر کیسز کم کئے ہیں اور ہسپتالوں میں داخلوں کو 800 سے کافی کم رکھا ہے۔

مرحلہ 1 کے اقدامات فوری طور پر مؤثر ہیں۔ وہ 28 مئی سے شروع ہونے والی عبادت کی خدمات کیلئے گنجائش کی اہلیت کی حد کو کم کرنے کے علاوہ ہیں۔

اہلکار صوبے میں ہسپتال میں داخل ہونے والوں کی تعداد اور کووِڈ-19 کی منتقلی پر گہری نظر رکھتے ہوئے البرٹا کے ویکسین رول آؤٹ کی پیشرفت پر نظر رکھیں گے۔

مرحلہ 1: 12 اور اس سے زائد عمر کے 50 فیصد البرٹنز کو ویکسین کا کم از کم ایک ٹیکہ لگوانے کے دو ہفتوں بعد اور ہسپتال میں داخلوں کی تعداد 800 سے کم ہے اور ان میں کمی واقع ہو رہی ہے۔

28 مئی تک:

- عبادت کی خدمات کیلئے گنجائش کی حد فائر کوڈ آکیوپینسی کا 15 فیصد تک بڑھ گئی ہے۔

1 جون تک:

- بیرونی سماجی اجتماعات، جسمانی فاصلے کے ساتھ، 10 افراد تک بڑھ گئے ہیں۔
  - اندرونی سماجی اجتماعات کی اب بھی اجازت نہیں ہے۔
- بیرونی آنگن میں کھانا زیادہ سے زیادہ چار لوگ فی میز کے ساتھ دوبارہ شروع ہو سکتا ہے۔
  - میز پر موجود ہر فرد کو لازمی طور پر ایک ہی گھرانے سے ہونا چاہئے یا اس فرد کیلئے جو اکیلا رہتا ہے، کھانے کی پارٹیاں دو قریبی رابطوں تک محدود ہیں۔
- جسمانی فاصلہ اور دیگر پابندیاں اب بھی لاگو ہیں۔
- بیرونی جسمانی، کارکردگی اور تفریحی سرگرمیوں کی اجازت جسمانی فاصلے کے ساتھ، تمام عمر کے 10 لوگوں تک ہے۔
- خوردہ فروشی فائر کوڈ آکیوپینسی کے 15 فیصد تک بڑھ سکتی ہے (فاصلہ رکھنے کی صلاحیت کو لازمی طور پر برقرار رکھنا ہوگا)۔
- ذاتی اور تندرستی کی خدمات صرف اپوائنٹمینٹ پر ہی دوبارہ کھل سکتی ہیں۔
- شادی کی تقریبات میں 10 افراد تک شامل ہوسکتے ہیں، جن میں نکاح کا فریضہ انجام دینے والا، دلہا / دلہن، گواہ اور کوئی بھی فوٹو گرافرز/ ویڈیو گرافرز شامل ہیں۔ استقبال ممنوع ہیں۔
- تجہیز و تکفین کی رسومات میں 20 لوگ ہوسکتے ہیں، جن میں سہولت کار عملہ، جنازے کے پادری یا منتظمین شامل نہیں ہیں جنہیں مہمان نہیں سمجھا جاتا۔ استقبال ممنوع ہیں۔
- جسمانی فاصلے اور ماسک پہننے کی ضروریات لاگو رہتی ہیں۔

حفاظتی ٹیکے لگنے کی موجودہ رفتار اور ہسپتالوں میں داخلوں کی کمی کی بنیاد پر، 10 جون کو مرحلہ 2 کا آغاز متوقع ہے، بشرطیکہ ہسپتالوں میں داخلے 500 سے کم رہیں اور ان میں کمی واقع ہو۔

توقع ہے کہ مرحلہ 3 جون کے آخر یا جولائی کے آغاز میں شروع ہوگا۔ اس کا انحصار ان تمام البرٹنز پر ہوتا ہے کہ وہ حفاظتی ٹیکے لگواتے رہیں اور پبلک ہیلتھ کے اقدامات پر عمل پیرا رہیں۔

البرٹنز صوبے کے حفاظتی ٹیکوں کی پیشرفت کو alberta.ca پر دیکھ سکتے ہیں۔

کووِڈ-19 صوبائی منتقلی کی دوبارہ کھلنے کے دوران نگرانی جاری رکھی جائے گی۔ اگر ضرورت پڑی، تو علاقائی یا صوبائی سطح پر کووِڈ-19 کی منتقلی کے رحجانات کے ردعمل کے طور پر دوبارہ کھلنے والے قدم کو روکا جا سکتا ہے۔

استحکام سے دوبارہ کھلنے کا انحصار البرٹنز کے گرمی کے مہینوں میں دو حفاظتی ٹیکوں کی مکمل ویکسینیشن کی خوراکیں لگوانے پر ہوگا تاکہ مستقبل میں کووِڈ-19 کے پھیلاؤ سے بچا جا سکے۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے کیلئے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کے صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کیلئے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا سمر پلان کیلئے کھلا ہوا ہے

میڈیا انکوائریز

جیریکا گڈوِن(Jerrica Goodwin)
587-988-3278
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

مزید ترجمہ شدہ حکومتی وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: *https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx*